اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائیگی (٣٦)

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَىٰ (٣٤)
يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ مَا سَعَىٰ (٣٥)
وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَن يَرَىٰ (٣٦)

42. They ask thee of the Hour: when will it come to port?
43. Why (ask they)? What hast thou to tell thereof?
44. Unto thy Lord belongeth (knowledge of) the term thereof.
45. Thou art but a warner unto him who feareth it.
46. On the day when they behold it, it will be as if they had but tarried for an evening or the morn thereof.

(اے پیغمبر لوگ) تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اُسکا وقوع کب ہوگا؟ (٤٢)
سو تم اُس کے ذکر سے کس فکر میں ہو؟ (٤٣)
اُس کا منتہا (یعنی واقع ہونیکا وقت) تمہارے پروردگار ہی کو (معلوم ہے) (٤٤)
جو شخص اُس سے ڈر رکھتا ہے تم تو اُسی کو ڈر سنانیوالے ہو (٤٥)
جب وہ اُس کو دیکھیں گے (تو ایسا خیال کرینگے) کہ گویا (دُنیا
میں صرف) ایک شام یا صبح رہے تھے (٤٦)

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا (٤٢)
فِيمَ أَنتَ مِن ذِكْرَاهَا (٤٣)
إِلَىٰ رَبِّكَ مُنتَهَاهَا (٤٤)
إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرُ مَن يَخْشَاهَا (٤٥)
كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا
عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا (٤٦)

(LXXIX - Those Who Drag Forth

النازعات ٧٩

(پ ٣٠ نازعات ٦ تا ١٤ ' ٣٤ تا ٣٦ ' ٤٢ تا ٤٦

33. But when the Shout cometh
34. On the day when a man fleeth from his brother
35. And his mother and his father

تو جب (قیامت کا) غل مچے گا (٣٣)
اُس دن آدمی اپنے بھائی سے دُور بھاگے گا (٣٤)
اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے (٣٥)

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ (٣٣)
يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ (٣٤)
وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ (٣٥)

(LXXX - He Frowned

عبس ٨٠

(پ ٣٠ عبس ٣٣ تا ٣٥

THE OVERTHROWING

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. When the sun is overthrown,
2. And when the stars fall,
3. And when the hills are moved,
4. And when the camels big with young are abandoned,
5. And when the wild beasts are herded together,
6. And when the seas rise,
7. And when souls are reunited,
8. And when the girl-child that was buried alive is asked
9. For what sin she was slain,
10. And when the pages are laid open,
11. And when the sky is torn away,
12. And when hell is lighted,

(LXXXI - The Overthrowing

سورۃ تکویر مکی ہے اور اس میں انتیس آیتیں ہیں

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا (١)

اور جب تارے بے نور ہو جائیں گے (٢)

اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے (٣)

اور جب بیانے والی اونٹنیاں بیکار ہو جائیں گی (٤)

اور جب وحشی جانور جمع کئے جائیں گے (٥)

اور جب دریا آگ ہو جائیں گے (٦)

اور جب روحیں (بدنوں سے) ملا دی جائیں گی (٧)

اور جب اس لڑکی سے جو زندہ دفنا دی گئی ہو پوچھا جائیگا (٨)

کہ وہ کس گناہ پر مار دی گئی؟ (٩)

اور جب (عملوں کے) دفتر کھولے جائیں گے (١٠)

اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے گی (١١)

اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گی (١٢)

ا تکویر ٨١

سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (١)

وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ (٢)

وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ (٣)

وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ (٤)

وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ (٥)

وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ (٦)

وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ (٧)

وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ (٨)

بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ (٩)

وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (١٠)

وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ (١١)

وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ (١٢)

(پ ٣٠ تکویر ا تا

THE CLEAVING

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. When the heaven is cleft asunder,
2. When the planets are dispersed,
3. When the seas are poured forth,
4. And the sepulchres are overturned,
5. A soul will know what it hath sent before (it) and what left behind.

(LXXXII - The Cleaving

سورۃ انفطار مکی ہے اس میں انیس آیتیں ہیں

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

جب آسمان پھٹ جائے گا (١)

اور جب تارے جھڑ پڑیں گے (٢)

اور جب دریا بہ (کر ایک دوسرے سے مل) جائیں گے (٣)

اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں گی (٤)

تب ہر شخص معلوم کرلیگا کہ اس نے آگے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا تھا (٥)

الانفطار ٨٢

سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ (١)

وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ (٢)

وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ (٣)

وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ (٤)

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ (٥)

(پ ٣٠ انفطار ا تا ٥

THE SUNDERING

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. When the heaven is split sunder.
2. And attentive to her Lord in fear.

سورۃ انشقاق مکی ہے اس میں پچیس آیتیں ہیں

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

جب آسمان پھٹ جائے گا (١)

اور اپنے پروردگار کا فرمان بجا لائیگا اور اسے واجب بھی یہی ہے (٢)

سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ (١)

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (٢)

3. And when the earth is spread out.

4. And hath cast out all that was in her, and is empty.

5. And attentive to her Lord in fear!

6. Thou, verily, O man, art working toward thy Lord a work which thou wilt meet (in His presence).

7. Then whoso is given his account in his right hand,

8. He truly will receive an easy reckoning

9. And will return unto his folk in joy.

10. But whoso is given his account behind his back,

11. He surely will invoke destruction

12. And be thrown to scorching fire.

13. He verily lived joyous with his folk,

14. He verily deemed that he would never return (unto Allah).

(LXXXIV - The Sundering

اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی (۳)
اور جو کچھ اس میں ہے اسے نکال کر باہر ڈال دیگی اور (بالکل) خالی ہو جائیگی (۴)
اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کریگی اور اسکو لازم بھی یہی ہے (تو قیامت قائم ہو جائیگی) (۵)
اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش
کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا (۶)
تو جس کا نامۂ اعمال اسکے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا (۷)
اس سے حساب آسان لیا جائے گا (۸)
اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش آئے گا (۹)
اور جس کا نامۂ اعمال اسکی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا (۱۰)
وہ موت کو پکارے گا (۱۱)
اور دوزخ میں داخل ہوگا (۱۲)
یہ اپنے اہل (و عیال) میں مست رہتا تھا (۱۳)
اور خیال کرتا تھا کہ (خدا کی طرف) پھر کر نہ جائے گا (۱۴)

الانشقاق ۸۴

وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ﴿٣﴾
وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ﴿٤﴾
وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٥﴾
يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ
كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ ﴿٦﴾
فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ ﴿٧﴾
فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ﴿٨﴾
وَيَنْقَلِبُ إِلَىٰ أَهْلِهِ مَسْرُورًا ﴿٩﴾
وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ ﴿١٠﴾
فَسَوْفَ يَدْعُو ثُبُورًا ﴿١١﴾
وَيَصْلَىٰ سَعِيرًا ﴿١٢﴾
إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُورًا ﴿١٣﴾
إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَنْ يَحُورَ ﴿١٤﴾

(پ ۳۰ انشقاق آیات ۳ تا ۱۴)

21. Nay, but when the earth is ground to atoms, grinding, grinding,

22. And thy Lord shall come with angels, rank on rank,

23. And hell is brought near that day; on that day man will remember, but how will the remembrance (then avail him)?

24. He will say: Ah, would that I had sent before me (some provision) for my life!

25. None punisheth as He will punish on that day!

26. None bindeth as He then will bind.

(LXXXIX - The Dawn

تو جب زمین کی بلندی کوٹ کوٹ کر پست کر دی جائے گی (۲۱)
اور تمہارا پروردگار (جلوہ فرما ہو) اور فرشتے قطار باندھ باندھ کر آموجود ہونگے (۲۲)
اور دوزخ اس دن حاضر کی جائے گی تو انسان اس دن متنبہ ہوگا
مگر (اب) انتباہ سے اسے (فائدہ) کہاں (مل سکے گا)؟ (۲۳)
کہے گا کاش میں نے اپنی زندگی (جاودانی) کیلئے کچھ آگے بھیجا ہوتا (۲۴)
تو اس دن نہ کوئی خدا کے عذاب کی طرح کا (کسی کو) عذاب دیگا (۲۵)
اور نہ کوئی ویسا جکڑنا جکڑے گا (۲۶)

الفجر ۸۹

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿٢١﴾
وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿٢٢﴾
وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ
يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ وَأَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ ﴿٢٣﴾
يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ﴿٢٤﴾
فَيَوْمَئِذٍ لَا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ﴿٢٥﴾
وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ ﴿٢٦﴾

(پ ۳۰ فجر ۲۱ تا ۲۶)

THE EARTHQUAKE

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.

1. When Earth is shaken with her (final) earthquake

2. And Earth yieldeth up her burdens.

سورۂ زلزال مدنی ہے اور اس میں آٹھ آیتیں ہیں

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
جب زمین بھونچال سے ہلا دی جائے گی (۱)
اور زمین اپنے (اندر کے) بوجھ نکال ڈالے گی (۲)

سُورَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ﴿١﴾
وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ﴿٢﴾

وَقَالَ الْإِنْسَانُ مَا لَهَا ﴿٣﴾
يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ﴿٤﴾
بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا ﴿٥﴾
يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا ۙ
لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ﴿٦﴾
فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا
يَرَهُ ﴿٧﴾
وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ﴿٨﴾

(پ ۳۰ زلزال ۱ تا ۸)

اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوا ہے؟ ﴿۳﴾
اس روز وہ اپنے حالات بیان کردے گی ﴿۴﴾
کیونکہ تمہارے پروردگار نے اس کو حکم بھیجا (ہوگا) ﴿۵﴾
اس دن لوگ گروہ گروہ ہو کر آئیں گے تاکہ اُن کو اُنکے
اعمال دکھا دیئے جائیں ﴿۶﴾
تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اُس کو
دیکھ لے گا ﴿۷﴾
اور جس نے ذرہ بھر بُرائی کی ہوگی وہ اُسے دیکھ لے گا ﴿۸﴾

الزلزال ۹۹

3. And man saith: What aileth her?
4. That day she will relate her chronicles,
5. Because thy Lord inspireth her.
6. That day mankind will issue forth in scattered groups to be shown their deeds.
7. And whoso doth good an atom's weight will see it then,
8. And whoso doth ill an atom's weight will see it then.

(XCIX - The Earth quake

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
الْقَارِعَةُ ﴿١﴾
مَا الْقَارِعَةُ ﴿٢﴾
وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٣﴾
يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ﴿٤﴾
وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ ﴿٥﴾

(پ ۳۰ قارعہ ۱ تا ۵)

سورۂ قارعہ مکی ہے اور اس میں گیارہ آیتیں ہیں

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○
کھڑکھڑانے والی ﴿۱﴾
کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ ﴿۲﴾
اور تم کیا جانو کہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ ﴿۳﴾
(وہ قیامت ہے) جس دن لوگ ایسے ہونگے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے ﴿۴﴾
اور پہاڑ ایسے ہو جائینگے جیسے دُھنکی ہوئی رنگ برنگ کی اُون ﴿۵﴾

القارعۃ ۱۰۱

THE CALAMITY

Revealed at Mecca

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.
1. The Calamity!
2. What is the Calamity?
3. Ah, what will convey unto thee what the Calamity is!
4. A day wherein mankind will be as thickly-scattered moths
5. And the mountains will become as carded wool.

1. The meaning of the first five verses is by no means clear. The above is a probable rendering.

(CI - The Calamity

خلاصہ

مصنف نے اس کتاب میں قرآنی آیات کی تشریح موجودہ سائنس کی روشنی میں کی ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی موجودگی۔اس کی وحدانیت اور قرآن کی حقانیت ثابت کی ہے۔کوشش کی ہے کہ ہر عقیدے کا آدمی اس سے متاثر ہو اور نئی نسل دہریہ پن سے محفوظ رہے۔دراصل یہ فروغ اسلام کی کتاب ہے جس میں سچائی ہی سچائی ہے اور ہر سمجھ بوجھ رکھنے والا آدمی اس سے متاثر ہو۔

کائنات کی تخلیق کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے چاند سورج ستارے زمین آسمان پہاڑ اور درخت وغیرہ کی تخلیق کا ذکر قرآن میں کئی جگہ فرمایا ہے۔ قرآن میں کئی جگہ آسمانوں کی تخلیق کا ذکر کیا ہے کہ میں نے تمہارے اوپر سات آسمان بنائے۔ آسمانوں کی وضاحت کرتے ہوئے سورہ طلاق آیت 12 میں فرمایا کہ یہ سات آسمان ایسے ہیں جیسی زمین یعنی پختہ یا ٹھوس زمین۔یہ آسمان کوئی فضائیں نہیں ہیں بلکہ یہ ہماری زمین کی طرح کے سات سیارے ہیں جو سورج کے گرد گردش کر رہے ہیں۔ آج کل کی اصطلاح میں ان کو سیارے یا Planets کہتے ہیں۔انگریزی میں آسمانوں کا ترجمہ کرتے وقت Heavens کا نام دیا گیا ہے۔دراصل سائنس دان یا عام عالم لفظ آسمانوں کا صحیح ترجمہ نہ کر سکے کیونکہ وہ نہیں سمجھے کہ آسمان کیا ہیں مگر جب ہم سورہ طلاق آیت 12 پر غور کرتے ہیں تو یہ صاف عیاں ہے کہ آسمان پختہ قسم کی چیز ہے جیسی کہ زمین۔ قرآن میں جہاں جہاں لفظ آسمان یا آسمانوں کے ساتھ زمین کا آیا ہے تو یہ صاف ظاہر ہے کہ آسمان یا آسمانوں کا مفہوم Planets یا سیاروں کا ہے۔سورہ طلاق آیت 12 کا ترجمہ یہ ہے۔

"خدا ہی تو ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے اور ویسی ہی زمین ان میں خدا کے حکم اترتے رہتے ہیں تاکہ تم لوگ جان لو کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے اور یہ کہ خدا اپنے علم سے ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے"۔

سورہ حدید آیت 4 کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے اور جو اس سے نکلتی ہے اور جو آسمان سے اترتی ہے اور جو اس کی طرف چڑھتی ہے سب اس کو معلوم ہے اور تم جہاں کہیں ہو وہ تمہارے ساتھ ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو دیکھ رہا ہے۔

سورہ نبا آیت 12 کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

اور تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے۔

یہ سات آسمان یا سیارے زمین کے اوپر کی جانب سورج کے گرد گردش کرتے ہیں جیسا کہ سائنس دان اس کی تصدیق کرتے ہیں کہ تمام سیارے سورج کے گرد گردش کرتے ہیں۔

سورہ مومنون آیت 17 بر صفحہ 81,35 میں اللہ تعالیٰ نے اس کی وضاحت یوں کی ہے کہ تمہارے اوپر سات راستے یا مدار یا Paths بنائے ہیں یعنی کہ orbit بنائے ہیں لفظ orbit یا مدار کسی چیز کی گولائی میں گردش کو کہتے ہیں۔ اس آیت کا ترجمہ یہ ہے "کہ ہم نے تمہارے اوپر کی جانب سات آسمان پیدا کیئے۔ اور ہم خلقت سے غافل نہیں"۔

سائنسدانوں نے آج تک زمین سے اوپر چھ سیارے یا چھ آسمان دریافت کیئے ہیں جو ایک دوسرے کے اوپر مدار میں چل رہے ہیں جن میں کروڑوں اور اربوں میل کا فاصلہ ہے جبکہ قرآن نے بتایا ہے کہ زمین سے اوپر سات آسمان پیدا کیئے اوپر تلے۔ اس سلسلہ میں سورہ نوح کی آیات 16,15 کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

"کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے سات آسمان کیسے اوپر تلے بنائے ہیں"۔
"اور چاند کو ان میں نور بنایا ہے اور سورج کو چراغ ٹھہرایا ہے"۔

سورہ ملک آیت 3 کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

"اس نے سات آسمان اوپر تلے بنائے (اے دیکھنے والے) کیا تو خدائے رحمٰن کی آفرینش میں کچھ نقص دیکھتا ہے۔ ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھ کو آسمان میں کوئی شگاف نظر آتا ہے"۔

قرآن نے چودہ سو سال پہلے سورج کے گرد زمین سے اوپر مختلف بلندیوں پر سات سیاروں کی موجودگی بتا دی جبکہ سائنسدانوں نے صدیوں کی تحقیق کے بعد ابھی تک چھ سیاروں کی موجودگی کی تصدیق کی ہے۔ ساتویں سیارے یا آسمان کی دریافت وہ ابھی تک نہیں کر سکے جبکہ سورہ رحمٰن کی آیت 7 کی روشنی میں مصنف نے حساب لگا کر اس کی دریافت کی ہے اور اس سیارے کا نام کتاب میں "الحسن" تجویز کیا ہے۔ اس طرح اس سلسلہ میں قرآن کی حقانیت ثابت کی ہے۔ یہ الحسن سیارہ سورج سے گیارہ ارب چھبیس کروڑ پچاس لاکھ میل کے فاصلہ پر سورج کے گرد گردش کر رہا ہے۔ اس کا قطرہ 7040 میل ہے یعنی زمین کے قطر سے اس کا قطر تقریباً 1000 میل کم ہے۔ اس کی سورج کے گرد رفتار 1.68 میل فی سیکنڈ ہے اس کی کشش ثقل زمین کی نسبت 0.7 ہے۔ سورہ رحمٰن آیت 7 میں واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے "آسمانوں کو میزان کے ساتھ بلند کیا یعنی توازن کے ساتھ۔ Balance کے ساتھ۔ توازن ٹھوس چیزوں کا ہوا کرتا ہے فضاؤں کا نہیں۔ لہٰذا جب ہم نو موجودہ دریافت شدہ سیاروں کا میزان نکالتے ہیں یا توازن نکالتے ہیں تو توزان قائم نہیں ہوتا یہ توازن اس وقت قائم ہوتا ہے جب زمین سے اوپر ساتواں سیارہ موجود ہو۔

لہٰذا اس آیت کی روشنی میں ساتویں سیارہ کی دریافت ہوئی ہے۔

سائنس دانوں نے آج تک جو سیارے دریافت کیئے ہیں ان کے نام یہ ہیں۔

(1) mercury یا عطارد (2) زہرہ یا Venus (3) Mars یا مریخ (4) Jupiter یا مشتری (5) Saturn یا زحل (6) یورینس (7) نیپچون (8) پلوٹو اور ہماری زمین یہ سب سورج کے گرد گردش کرتے ہیں۔

قرآن نے ہمیں دوسرا تصور عرش کا دیا ہے جہاں اللہ تعالیٰ برقرار ہیں۔ پھر جنت اور دوزخ کا تصور دیا ہے۔ ان تصورات کو قرآن کی روشنی میں حساب بنا کر ان کی موجودگی کی حقیقت کتاب میں ثابت کی ہے۔ کتاب میں مندرجہ ذیل فلکیاتی انکشافات کئے ہیں جو آج تک کسی سائنس دان نے نہیں کئے۔

1- عرش کی دریافت یعنی اللہ تعالیٰ کا تخت جس کے گرد تمام کائنات متحرک ہے

2- عرش کا کائنات میں محل وقوع۔

3- زمین سے عرش کا فاصلہ۔

4- عرش کا قطر یا اس کی وسعت۔

5- عرش کی کشش ثقل۔

6- جنت کا قطر۔

7- جنت کی کشش ثقل۔

8- سیارہ زہرہ کا بطور دوزخ ہونے کا انکشاف۔

9- زمین سے اوپر ساتویں آسمان یا ساتویں سیارہ کی دریافت۔

10- سیارہ یورینس نظام شمسی کا بطور مرکزی سیارہ ہونے کی دریافت۔

11- سیٹرن و نیپچون بطور یورینس کے معاون سیارہ جات ہونے کا ثبوت۔

12- میزان کا تعلق مابین سیارہ جات سیٹرن یورینس اور نیپچون۔

13- میزان کا تعلق مابین سیارہ جات مشتری مریخ اور زمین۔

14- سیارہ پلوٹو اور مریخ کے مابین میزان کے تعلق کا انکشاف۔

15- زمین اور زہرہ کے مابین میزان کا انکشاف۔

16- زمین کے سائز کا دوسرے سیاروں کے سائز سے میزان کا انکشاف۔

17- سیارہ جات کے سائز کا درمیانی فاصلوں سے تعلق۔

18- فلکیاتی چارٹ ظاہر کردہ میزان یا توازن کشش ثقل مابین سیارہ جات۔

19- کائنات میں نظام شمسی کا محل وقوع۔

20- ہماری گلیکسی کے مرکز کی کشش ثقل کی دریافت

عرش کی موجودگی

سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کے عرش کی موجودگی قرآن کی روشنی میں بیان کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے سورہ حج آیت 47 میں جو بیان فرمایا اس کا

ترجمہ یہ ہے۔

"اور یہ (لوگ) تم سے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں اور خدا اپنا وعدہ ہرگز خلاف نہیں کریگا اور بیشک تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک روز تمہارے حساب کی رو سے ہزار برس کے برابر ہے"۔ صفحہ کتاب ہذا 224

اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ کافر لوگ حضرت رسول پاکؐ کو کہتے تھے کہ جس قیامت سے تم ہم کو ڈراتے ہو وہ قیامت لے آؤ جس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو فرمایا کہ اے پیغمبر یہ لوگ تم سے عذاب کے لئے یعنی قیامت کے لئے جلدی کر رہے ہیں۔ ان لوگوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ میرا عرش پر ایک دن دنیا کے ایک ہزار سال کے برابر ہے۔ اس آیت کی روشنی میں جب ہم حساب کرتے ہیں اور اس کی تفصیلی شکل بناتے ہیں تو ہمیں زمین سے عرش کا فاصلہ معلوم ہو جاتا ہے جو کہ ایک ہزار نوری سال بنتا ہے حساب اس طرح سے ہے۔

جب زمین پر ایک ہزار سال گزرتا ہے تو عرش پر صرف ایک دن یا چوبیس گھنٹے گزرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے یہ ایک پیمانہ دیا ہے۔ دوسرا پیمانہ ہمیں سائنسدانوں نے روشنی کی رفتار کا دیا ہے جو کہ 186000 میل فی سیکنڈ ہے۔ تیسرا ایک اور پیمانہ ہمیں معلوم کرنا ہے جب تک وہ پیمانہ معلوم نہ کریں زمین سے عرش کی بلندی معلوم نہیں ہو سکتی۔ اس پیمانہ کو اخذ کرنے کے لئے ہمیں فلکیاتی سائنس کا علم ہونا چاہئے یعنی Astronomy کا علم اور ساتھ ہی ساتھ اللہ تعالیٰ کی رہنمائی بھی حاصل ہونی چاہئے۔ جب تک اللہ تعالیٰ کی رہنمائی حاصل نہیں ہوتی تب تک یہ تیسرا پیمانہ اخذ نہیں کیا جا سکتا۔ تیسرے پیمانہ کو اخذ کرنے کے لئے ہمیں زمین سے سورج کا فاصلہ معلوم ہونا چاہئے جو کہ نو کروڑ تیس لاکھ میل ہے۔ اس فاصلہ کو روشنی کی رفتار 186000 میل فی سیکنڈ پر تقسیم کریں تو جواب پانچ سو سیکنڈ یعنی آٹھ منٹ بیس سیکنڈ آتا ہے یعنی سورج سے جو روشنی زمین کی جانب چلتی ہے وہ پانچ سو سیکنڈ میں زمین پر پہنچتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں جو روشنی اس وقت زمین پر پہنچی وہ پانچ سو سیکنڈ پہلے سورج سے چلی زمین تک پہنچتے پہنچتے سورج پر پانچ سو سیکنڈ کا وقت کم ہو گیا۔ اب نسبت کے حساب کی رو سے ہم معلوم کر سکتے ہیں کہ جب پانچ سو سیکنڈ کا وقت کم ہوا تو اس وقت زمین سے سورج کا فاصلہ یا بلندی نو کروڑ تیس لاکھ میل ہے جب عرش پر زمین کی نسبت یہ وقت 1000 سال کم ہوا تو پھر زمین سے عرش کی بلندی کتنی ہو گی یعنی 1000 سال کے سیکنڈ بنا کر یہ بلندی معلوم کی جا سکتی ہے۔ حساب کرنے پر ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ بلندی 1000 نوری سال بنتی ہے۔ ایک نوری سال تقریباً 60 کھرب میل بنتا ہے یعنی ایک سال یا 365 دن کے سیکنڈ بنا کر اس کو 186000 میل سے ضرب دیں تو یہ ایک نوری سال بنتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ایک سال میں روشنی 60 کھرب میل فاصلہ طے کرتی ہے لہٰذا زمین سے عرش کا فاصلہ تقریباً 60 ہزار کھرب میل بنا۔ جب اس حساب کی شکل یا ڈایاگرام بناتے ہیں تو ہمیں عرش کا قطر یا اس کی وسعت معلوم ہو جاتی ہے جو کہ تقریباً 32 ارب میل ہے۔ مزید حساب سائنس کی روشنی میں بنانے پر عرش کی کشش ثقل معلوم ہو جاتی ہے جو کہ تقریباً 2200 فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ بنتی ہے یعنی زمین کی کشش ثقل سے تقریباً 70 گنا زیادہ یا سورج کی کشش ثقل سے 2.5 گنا زیادہ ہے۔ ہر سیارہ اپنی کشش ثقل کی طاقت یعنی کسی چیز کو اپنی طرف کھینچنے کی طاقت رکھتا ہے یہ طاقت اس سیارہ کے سائز پر منحصر ہے۔ مثال کے طور پر زمین کی کشش ثقل تقریباً 32 فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ ہے۔ یعنی زمین کسی چیز کو اونچائی سے اپنی طرف کھینچنے کی طاقت ہر سیکنڈ میں 32 فٹ رکھتی ہے پہلے سیکنڈ کے آخر میں اس کی رفتار 32 فٹ اگلے سیکنڈ کے آخر میں 64 فٹ اور اس سے اگلے سیکنڈ میں 96 فٹ فی سیکنڈ رفتار ہو گی۔ دوسرے لفظوں میں اگر ہم کسی چیز کو اونچائی سے زمین پر پھینکیں تو وہ پہلے سیکنڈ میں 16 فٹ نیچے آئے گی اگلے سیکنڈ میں 64 فٹ یعنی 4 گنا اور اس سے اگلے سیکنڈ میں 144 فٹ یعنی 9 گنا نیچے آئے گی۔ اس طرح رفتار بڑھتی جاتی ہے۔ اس پیمانہ کو ہم کشش ثقل کہتے ہیں۔ سورج کی سطح پر اس کی کشش ثقل تقریباً نو سو فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ ہے۔

اس کشش ثقل کی وجہ سے تمام سیارے سورج کے گرد گردش کرتے ہیں۔ زمین کی کشش ثقل کی وجہ سے چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے اس اصول پر سورج بمعہ اس کے سیارے عرش کے گرد گردش کرتے ہیں یا جھکتے ہیں نظام شمسی میں یہ گردش دراصل ہر سیارہ کی سورج کی طرف اس

کے جھکاؤ بوجہ سورج کی کشش ثقل وجود میں آتی ہے۔ اس کی مزید وضاحت کرنے کے لئے میں ایک مثال دیتا ہوں۔

اگر کسی پتھر کو زمین کے متوازی زور سے پھینکا جائے تو وہ تھوڑی دور جا کر زمین پر گر جاتا ہے اگر اور زور سے یا طاقت سے پھینکا جائے تو وہ اور زیادہ دور جا کر گر جائے گا مگر تھوڑی سی گولائی بناتے ہوئے جس طرح کہ پانی ربڑ کی ٹیوب کے ذریعہ زمین پر کچھ اونچائی پر زمین کے متوازی چھوڑا جائے تو پانی کچھ گولائی بناتا ہوا زمین پر گر جاتا ہے۔ دراصل یہ زمین کی کشش ثقل کی وجہ سے گولائی بنتی ہے۔ زمین چونکہ گول ہے لیکن اگر کسی چیز کو اس زور کے ساتھ زمین کے متوازی پھینکا جائے تاکہ وہ گرتے وقت زمین کی گولائی کے مطابق دائرہ بنائے یا گولائی بنائے تو وہ چیز زمین پر نہیں گرے گی بلکہ وہ ہر لمحہ زمین کی گولائی کے مطابق دائرہ بناتے ہوئے ہر لمحہ جھکے گی اور نتیجتاً اس کے اردگرد گھومتی رہے گی۔ حساب کی رو سے ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ کس قدر رفتار کسی چیز کو کسی سیارے کے گرد گھمانے کے لئے اس کی نسبتاً کشش ثقل کے پیش نظر ایک خاص اونچائی پر درکار ہے۔

آجکل سائنسدانوں نے اسی اصول پر راکٹ زمین سے اوپر کی جانب اس زور یا طاقت سے پھینکے ہیں کہ وہ اس بلندی پر زمین کی گولائی کے مطابق دائرہ بنائے اور یہ دائرہ زمین کی کشش ثقل اس پر اثر انداز ہونے کی وجہ سے بنتا ہے لہٰذا سورج کے گرد تمام سیارے سورج کی کشش ثقل کی وجہ سے گردش کرتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں سورج کے گرد جھکتے ہیں۔ اسی طرح سورج بھی کسی دوسرے زبردست قوت والے مرکز کے گرد گردش کرتا ہے یا اس کی طرف جھکتا ہے۔ سائنس دان اس مرکز کو معلوم نہیں کر سکے کہ وہ مرکز کیا ہے جس کی طرف سورج جھکتا ہے یا جس کے گرد گردش میں مصروف ہے۔ اس راز کی اللہ تعالیٰ نے سورہ حج آیت 18 میں وضاحت کردی ہے کہ وہ مرکز اللہ تعالیٰ کا عرش ہے جس کی طرف کائنات کی ہر چیز یعنی سورج چاند ستارے آسمان زمین وغیرہ سب اس کی طرف جھکتے ہیں۔ سورہ حج آیت 18 کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

"کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو مخلوق آسمان میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چارپائے اور بہت سے انسان خدا کو سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے ایسے ہیں جن پر عذاب ثابت ہو چکا ہے اور جس شخص کو خدا ذلیل کرے اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں۔ بے شک خدا جو چاہتا ہے کرتا ہے"۔

سجدہ چونکہ اللہ تعالیٰ ہی کو ہے کسی اور کو نہیں اور اللہ تعالیٰ عرش پر برقرار ہیں اس لئے تمام کائنات عرش کی طرف جھکتی ہے جیسا کہ اوپر کی آیت سے عیاں ہے۔ سورج جس کا عرش سے فاصلہ ایک ہزار نوری سال ہے عرش کے گرد مصروف گردش ہے اور ہر لمحہ اس کا فاصلہ عرش سے 1000 نوری سال ہی رہتا ہے کم و بیش نہیں یعنی عرش کے گرد گولائی میں گردش کرتا ہے۔ اس سے یہ بھی عیاں ہے کہ عرش کی ہیئت گول ہے۔ سورہ رحمٰن آیات 5، 6 (کتاب صفحہ 37) میں اللہ تعالیٰ نے مزید وضاحت فرمادی ہے کہ سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں اور ستارے اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ لفظ درخت زمین اور جنت کو ظاہر کرتا ہے کیونکہ کائنات میں درخت صرف زمین پر ہیں یا جنت میں ہیں کسی اور سیارہ پر نہیں ہیں لہٰذا ثابت ہوا کہ زمین اور جنت بھی عرش کے گرد گردش کرتے ہیں یا جھکتے ہیں بالواسطہ یا بلاواسطہ۔ سورہ نجم آیت 15 صفحہ 300 سے واضح ہے کہ سیارہ جنت عرش کے نزدیک واقع ہے لہٰذا اس کا عرش کے گرد مدار بلاواسطہ ہے۔

عرش کا کائنات میں محل وقوع کا انکشاف قرآن اور موجودہ سائنس کی روشنی میں ہوا ہے جس کی تفصیل کچھ اس طرح ہے۔

سائنس دانوں کی تحقیق کے مطابق سورج ہماری کہکشاں یا Galaxy کے مرکز کے گرد گردش کر رہا ہے ہمارا سورج ہماری کہکشاں کا حصہ ہے اور سائنس دانوں کے مطابق یہ بائیس کروڑ سال میں مرکز کے گرد ایک چکر لگاتا ہے۔ قرآن کی رو سے بھی ہمیں معلوم ہو گیا ہے کہ سورج عرش کے گرد گردش کر رہا ہے اس طرح ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ عرش ہماری کہکشاں کے مرکز میں واقع ہے جس کو سائنس دان نہ سمجھ سکے بلکہ وہ اسے ایک مرکز کا نام دیتے ہیں اس طرح عرش کا محل وقوع ہماری کہکشاں یا Galaxy کا مرکز ہے جس کے گرد تمام ستارے یا کائنات گردش میں

مصروف ہیں۔اس سلسلہ میں مزید آیات کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔
سورہ انبیا آیت 33
"اور وہی تو ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند کو بنایا یہ سب آسمان میں اس طرح چلتے ہیں گویا تیر رہے ہیں"۔
"یاسین آیت 38
"اور سورج اپنے مقرر رستے پر چلتا رہتا ہے یہ خدائے غالب دانا کا مقرر کیا ہوا اندازہ ہے"۔
یاسین آیت 39
اور چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کر دیں یہاں تک کہ (گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے"۔
یاسین آیت 40
"نہ تو سورج سے ہو سکتا ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آسکتی ہے اور سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں"۔
ابراہیم آیت 34
"اور سورج اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا کہ دونوں ایک دستور پر چل رہے ہیں اور رات اور دن کو بھی تمہاری خاطر کام میں لگا دیا۔

رحمٰن آیات 5، 6
"سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں اور ستارے اور درخت سجدہ کر رہے ہیں"۔
ہمارا سورج چونکہ کہکشاں کا حصہ ہے جس سے ہماری زمین منسلک ہے لہٰذا جس طرح ہم زمین سے ستارے دیکھ رہے ہیں عرش سے بھی یہ اسی طرح نظر آئیں گے۔ہم اپنی کہکشاں کے ستارے تقریباً دس ہزار نوری سال کی بلندی پر دیکھتے ہیں جبکہ ہماری کہکشاں سے دور ستارے کھربوں نوری سال دوری پر واقع ہیں۔

حساب کی رو سے عرش کی بناوٹ کا انکشاف

سورج کی کشش ثقل تقریباً 900 فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ ہے اور اس کا قطر 864000 میل ہے سائنس دانوں کے مطابق سورج کی بناوٹ ہائیڈروجن گیس پر مشتمل ہے۔عرش کا قطر تقریباً بتیس ارب میل ہے اور اس کی کشش ثقل حساب کی رو سے 2200 فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ ہے جبکہ سورج کے حجم کے لحاظ سے عرش تقریباً پانچ سو کھرب گنا بڑا ہے۔اس طرح سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ عرش کی کشش ثقل سورج کی کشش ثقل سے صرف ڈھائی گنا زیادہ ہے جبکہ حجم کے لحاظ سے عرش سورج سے پانچ سو کھرب گنا بڑا ہے۔اس طرح سے یہ ثابت ہو گیا کہ عرش سورج کی طرح نہ تو گیسوں پر مشتمل ہے اور نہ ہی ٹھوس ہے۔اگر یہ گیسوں پر مشتمل ہوتا تو اس کی کشش ثقل بھی سورج کی کشش ثقل سے کھربوں گنا زیادہ ہوتی مگر وہ تو صرف سورج کی کشش ثقل سے ڈھائی گنا ہے۔لہٰذا یہ ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کا عرش مرقع نور ہے اور اللہ تعالیٰ بھی نور اعلیٰ نور ہیں۔اللہ تعالیٰ نے سورہ نور آیت 35 کتاب صفحہ 193 میں فرمایا کہ اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے یعنی اللہ نور السموت والارض۔

جنت کا قطر یا اس کی وسعت

کائنات میں عرش کے سب سے نزدیک ترین سیارہ جنت ہے جیساکہ سورہ نجم آیات 14، 15 سے واضح ہے کہ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس رہنے کی بہشت ہے۔ آیات 13 تا 18 کا ترجمہ ملاحظہ ہو ان آیات کا اشارہ حضرت رسول پاکؐ کے واقع معراج کی طرف ہے۔

اور انہوں نے اس کو (یعنی جبرئیل کو) ایک اور بار دیکھا ہے (13)

پرلی حد کی بیری کے پاس (14)

اس کے پاس رہنے کی بہشت ہے (15)

جبکہ اس بیری پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا (16)

ان کی آنکھ نہ تو اور طرف مائل ہوئی اور نہ حد سے آگے بڑھی (17)

انہوں نے اپنے پروردگار کی کتنی ہی بڑی نشانیاں دیکھیں (18)

اللہ تعالیٰ نے جنت کی بناوٹ کی وضاحت بھی قرآن میں کردی ہے کہ وہ کیسی ہے۔ سورہ حدید آیت 21 اور سورہ آل عمران آیت 133 میں یہ تفصیل بتادی ہے۔ آیات کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

سورہ حدید آیت 21

"اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف اور جنت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمانوں اور زمین کے عرض کا سا ہے اور جو ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو خدا پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لائے ہیں یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرمائے اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے"۔ (صفحہ 321 کتاب ہذا)

سورہ آل عمران آیت 133

"اور اپنے پروردگار کی بخشش اور بہشت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہے اور جو خدا سے ڈرنے والوں کے لئے تیار کی گئی ہے"۔

ان آیات کی روشنی میں جب ہم حساب بناتے ہیں تو ہمیں جنت کا قطر یا اس کی وسعت اور اس کی کشش ثقل معلوم ہو جاتی ہے جو کہ زمین کی کشش ثقل کے برابر ہی آتی ہے۔ حساب اس طرح سے ہے۔

سائنس دانوں نے زمین سے اوپر چھ آسمان یا Heaven یا Planets دریافت کئے ہیں جن کا فلکیاتی ڈیٹا فلکیاتی سائنس کی کتابوں میں درج ہے۔ اس کتاب کے صفحہ 3 : 3 پر ملاحظہ ہو۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا کہ میں نے تمہارے اوپر سات آسمان پیدا کئے ہیں یعنی زمین سے اوپر جو اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں یا چل رہے ہیں جیساکہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ ساتویں سیارے کی دریافت ابھی تک سائنس دانوں نے نہیں کی بلکہ قرآن کی روشنی میں وہ میں نے کی ہے اور اس ساتویں سیارے کا نام الحسن رکھا ہے جو سورج کے گرد گیارہ ارب چھبیس کروڑ پچاس لاکھ میل کے فاصلہ پر گردش کر رہا ہے۔ اس کی رفتار 1.68 میل فی سیکنڈ ہے جبکہ اس کا قطر 7040 میل ہے۔ یعنی زمین سے تقریباً 1000 میل کم ہے۔ زمین کی نسبت اس کی کشش ثقل 0.7 ہے۔

قرآن کی روشنی میں ہم زمین سے اوپر سات سیاروں کی کشش ثقل یعنی سائز کو جمع کریں اور زمین کی کشش ثقل کو بھی جمع کریں تو اوسط کشش

ثقل زمین کی نسبت 1.09125 آتی ہے جبکہ زمین کی کشش ثقل نسبتاً 1.0 ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جنت کی کشش ثقل یا اس کا سائز بھی تقریباً زمین کے برابر ہے۔ زمین کا قطر تقریباً 8000 میل ہے اور جنت کا قطر یا وسعت کا حساب بنانے پر وہ 8160 میل آتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جنت کا سائز بھی زمین کے برابر ہے۔ دوسرے لفظوں میں اللہ تعالیٰ نے جیسی زمین انسانوں کے لئے بنائی ہے اسی سائز کی جنت بھی بنائی ہے جس کی کشش ثقل زمین کی کشش ثقل کے برابر رکھی تاکہ جنت میں انسان زمین پر چلنے پھرنے کی طرح کوئی دشواری محسوس نہ کریں کیونکہ اگر جنت کی کشش ثقل زیادہ ہوتی یعنی دو تین گنا ہوتی جیسا کہ سیارہ مشتری کی ہے تو انسان وہاں چل پھر نہ سکتا بلکہ انسان اپنا وزن زمین کی نسبت دو تین گنا زیادہ محسوس کرتا۔ جنت کی کشش ثقل جو میں نے پہلے 1.09125 بتائی ہے وہ زمین سے معمولی سی زیادہ ہے جبکہ میری اپنی رائے میں یہ 1.0 آنی چاہئے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سائنس دانوں کی اخذ کردہ زمین سے اوپر سیاروں کی کشش ثقل کا حساب بنانے میں معمولی سی غلطی ہے اور یہ غلطی میں نے کتاب کے صفحہ 282 پر ظاہر کی ہے کیونکہ جب اس غلطی کو دور کر دیں تو سیارے یا آسمان کشش ثقل کے لحاظ سے میزان میں یعنی توازن میں آجاتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے سورہ رحمٰن کی آیت 7 میں فرمایا کہ آسمانوں کو میزان کے ساتھ بلند کیا یعنی توازن کے ساتھ۔ انسان ذرا ان سیاروں کی تخلیق پر غور کرے کہ ان کو بنانے میں ان کے درمیان فاصلے رکھنے میں اور ان کو مدار میں داخل کرنے میں کس قدر صناعی اور باریکیاں اور انتہائی درجہ کی درستگی درکار ہے۔ کسی ایک سیارے کی تخلیق میں ذرا سی بھی غلطی ہونے پر تمام کائنات کا نظام درہم برہم ہو جاتا۔

واقعہ معراج شریف

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ کائنات میں جنت عرش کے قریب ہے جبکہ سورج یا زمین سے عرش کا فاصلہ 1000 نور سال ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ عرش کے سب سے زیادہ نزدیک جنت ہے اور دوسرے نمبر پر ہمارا سورج جو کہ عرش کے گرد بلاواسطہ متحرک ہے۔ زمین چونکہ سورج کے ساتھ منسلک ہے اس لئے یہ بالواسطہ عرش کے گرد متحرک ہے اور اس کا ہر لحہ عرش سے فاصلہ 1000 نوری سال ہی رہتا ہے کم و بیش نہیں۔ پیمانہ یا سکیل کی رو سے سورج بمعہ اس کے تمام سیارے قلم کے ایک نقطہ میں سما جاتے ہیں اس طرح سے زمین سے عرش کا فاصلہ بھی 1000 نوری سال ہی ہوا۔

کائنات میں باقی تمام سیارے سوائے کہکشاں کے ستاروں کے کھربوں نوری سال دوری پر واقع ہیں جبکہ عرش سے کہکشاں کے اپنے ستارے ہزاروں نوری سال کے فاصلہ پر واقع ہیں۔ اس طرح کائنات میں ہماری زمین ہی دوسرے نمبر پر عرش کے نزدیک ہے۔ عرش پر اللہ تعالیٰ کا ایک دن ہماری زمین کے وقت کے ایک ہزار سال کے برابر ہے اس سے ثابت ہوا کہ عرش پر ایک منٹ زمین کے تقریباً آٹھ ماہ کے برابر ہوا جبکہ عرش کے مرکز پر وقت اور فاصلہ صفر ہے۔ اس کی ڈایاگرام یا شکل کتاب کے صفحہ 224 پر بنائی گئی ہے۔

پیغمبر السلام حضرت محمدؐ فرشتہ جبرئیل کے ہمراہ زمین سے عرش پر گئے یعنی معراج پر گئے تو وہاں کچھ وقت ٹھہرے اور جب واپس آئے تو دروازہ کی کنڈی ہل رہی تھی۔ بستر بھی گرم تھا اور وضو کا پانی بھی بہہ رہا تھا۔ حساب کی رو سے عرش پر ایک سیکنڈ ہماری زمین کے چار دنوں کے برابر کا وقت بنتا ہے۔ جب ہم نقشہ بناتے ہیں تو معلوم ہوا کہ کائنات میں ہماری زمین ہی دوسرے نمبر پر عرش کے سب سے زیادہ قریب ہے ملاحظہ ہو صفحہ کتاب 236 اور فرشتوں کے لئے اربوں کھربوں میل فاصلہ طے کرنا معمولی بات ہے۔ اور فرشتے خیال کی رفتار سے کائنات میں اس جگہ پہنچ جاتے ہیں جہاں کا اللہ تعالیٰ کا حکم ہو۔ اس کی مثال یہ ہے کہ قرآن آہستہ آہستہ فرشتہ جبرئیل کے ذریعہ عرش سے نازل ہوا اور اسی وقت زمین پر پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ کے پاس پہنچا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی شان ہے اور معجزات ہیں کہ اس نے فرشتوں کو اتنی قوت دی کہ وہ کائنات کے اندھیروں میں انتظام کے لئے فوراً وہاں پہنچ جاتے ہیں جہاں کا حکم ہو۔

قرآن میں کئی جگہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ یعنی ٹھیک پیدا کیا ہے نہایت درستگی کے ساتھ پیدا کیا ہے حکمت کے ساتھ پیدا کیا ہے حساب کے ساتھ پیدا کیا ہے یعنی ان کے مدار بھی بڑی ہی مہارت اور درستگی کے ساتھ بنائے ہیں۔ اس سلسلہ میں ان آیات کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

سورہ عنکبوت آیت 44

"خدا نے آسمانوں اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا ہے کچھ شک نہیں کہ ایمان لانے والوں کے لئے اس میں نشانی ہے"۔

سورہ نحل آیت 3

"اس نے آسمانوں اور زمین کو مبنی بر حکمت پیدا کیا اس کی ذات ان (کافروں) کے شرک سے اونچی ہے"۔

سورہ حجر آیت 85

"اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان میں ہے اس کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے اور قیامت تو ضرور آکر رہے گی تو تم ان لوگوں سے اچھی طرح درگزر کرو"۔

سورہ ابراہیم آیت 19

"کیا تم نے نہیں دیکھا کہ خدا نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا ہے۔ اگر وہ چاہے تو تم کو نابود کر دے اور (تمہاری جگہ) نئی مخلوق پیدا کر دے"۔

سورہ جاثیہ آیت 22

"اور خدا نے آسمانوں اور زمین کو حکمت سے پیدا کیا ہے اور تاکہ ہر شخص اپنے اعمال کا بدلہ پائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا"۔

سورہ تغابن آیت 3

"اور اسی نے آسمانوں اور زمین کو مبنی بر حکمت پیدا کیا اور اسی نے تمہاری صورتیں بھی (پاکیزہ) اچھی بنائیں اور اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے"۔

سورہ انعام آیت 73

"اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا ہے اور جس دن وہ فرمائے گا کہ ہو جا تو (حشر) برپا ہو جائے گا"۔

سورہ رحمٰن آیت 7 کتاب صفحہ 37 سے واضح ہے کہ آسمانوں کو میزان کے ساتھ بلند کیا یعنی توازن کے ساتھ یا Balance کے ساتھ۔ جب ہم حساب کی رو سے سیاروں یا آسمانوں کا توازن نکالتے ہیں تو معلوم ہوا کہ ان کے درمیانی فاصلوں کو اللہ تعالیٰ نے بڑے حساب سے ان کے سائز کے پیش نظر رکھا ہے اور جب کشش ثقل کو فاصلوں پر تقسیم کرتے ہیں تو یہ Ratio ایک جیسی آتی ہے۔ سائنس دانوں نے جو کشش ثقل یا Surface Gravity مختلف سیاروں کی اخذ کی ہے ان میں چند کی کشش ثقل میں معمولی سا فرق ہے جب اس فرق کو دور کر دیا جائے تو سیارے یا آسمان میزان میں آجاتے ہیں یا توازن میں آجاتے ہیں۔ اربوں میل کے فاصلہ پر سائنس دانوں کی معمولی سی غلطی دراصل کوئی غلطی نہ

ہے کیونکہ بوجہ دوری اس کا امکان ہے۔ بہر حال قرآن کی اس سورہ رحمٰن کی آیت سے واضح ہو جاتا ہے کہ سیاروں یا آسمانوں کی پیدائش میں اللہ تعالیٰ نے توازن رکھا ہے اور اتنے بڑے بڑے سیارے اللہ تعالیٰ نے کس انداز سے کائنات کے اندھیروں میں Launch کئے ہیں یا ان کو مدار میں درستگی کے ساتھ داخل کیا ہے۔ یہ سب اسی کی صناعی ہے جو صرف اسی کو زیب دیتی ہے۔ یہ سب اسی کی صفات ہیں وہی تعریف کے لائق ہے۔ متوازن کائنات کی تخلیق میں جو حساب اور باریکیاں پنہاں ہیں وہ صرف اللہ تعالیٰ ہی کو زیب دیتی ہیں۔

اس آیت کی روشنی میں مزید انکشاف ہوا کہ جتنے سیارے سورج کے گرد محو گردش ہیں اگر ان کی کشش ثقل یا وزن کو جمع کیا جائے تو اوسط کشش ثقل زمین کے برابر آتی ہے یہ اللہ تعالیٰ کی شان ہے کہ زمین کو کس انداز سے اور کس حساب سے پیدا کیا ہے۔ یہ اللہ پاک کی شان ہے۔ انسان کو بس اس کی تعریف کرنی چاہئے۔ اس کی صفات بیان کرنی چاہئیں۔ ان نشانیوں سے اللہ تعالیٰ کی موجودگی صاف ظاہر ہے کیونکہ توازن خود بخود قائم نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کو قائم کرنے والا موجود نہ ہو۔ اور وہ صرف اللہ ہی ہے جس نے کائنات کی پیدائش میں توازن رکھا۔ کائنات کو ٹھیک ٹھیک بڑے حساب کے ساتھ بنایا۔ انسان کو اللہ تعالیٰ کی موجودگی پر ایمان لانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے سورہ عنکبوت آیت 44 (صفحہ 86) میں فرمایا کہ مومنوں کے لئے اس میں نشانی ہے۔

ترجمہ آیت یہ ہے۔

"خدا نے آسمانوں اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا ہے کچھ شک نہیں کہ ایمان والوں کے لئے اس میں نشانی ہے"۔

سورہ رحمٰن آیت 7 کی روشنی میں زمین سے اوپر ساتویں آسمان یا سیارہ کی موجودگی دریافت ہوئی ہے جیسا کہ قرآن نے ساتویں آسمان کی موجودگی بتائی ہے۔ یہ سیارہ سورج سے گیارہ ارب چھبیس کروڑ پچاس لاکھ میل کے فاصلہ پر سورج کے گرد گردش کر رہا ہے اور یہ زمین سے تقریباً ایک ہزار میل قطر میں کم ہے جبکہ زمین کا قطر تقریباً آٹھ ہزار میل ہے۔

قیامت

کائنات میں ہر چیز کا تعلق یا رابطہ مرکز نور یعنی عرش سے ہر وقت رہتا ہے۔ یہ رابطہ دو قسم کا ہے۔ ایک نور کا اور دوسرا کشش ثقل کا۔ نور کے رابطہ کی وجہ سے کائنات کی ہر چیز میں نور ہے زندگی ہے قوت ہے جیسا کہ سورہ نور آیت 35 میں فرمایا اللہ نور السموات والارض "یعنی اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ کشش ثقل کے رابطہ کی وجہ سے کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی طرف جھکتی ہے یعنی اس کی طرف رجوع کرتی ہے یا کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کے عرش کے گرد سجدہ کرتی ہے یا جھکتی ہے یا اس کے گرد گردش کرتی ہے۔ کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے کنٹرول سے باہر نہیں ہے ہر چیز اس کے کنٹرول میں ہے اور وہی ہر چیز کا نگران ہے جیسا کہ سورہ زمر آیات 63.62 (صفحہ 84) سے واضح ہے۔ ترجمہ ملاحظہ ہو۔

"خدا ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہر چیز کا نگران ہے"۔ (62)

"اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں اور جنہوں نے خدا کی آیتوں سے کفر کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں"۔ (63)

سورہ فاطر آیت 41 کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

"خدا ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے رکھتا ہے کہ ٹل نہ جائیں۔ اگر وہ ٹل جائیں تو خدا کے سوا کوئی ایسا نہیں جو ان کو تھام سکے"۔

سورہ حج آیت 65 ترجمہ ملاحظہ ہو۔

"کیا تم نہیں دیکھتے کہ جتنی چیزیں زمین میں ہیں سب خدا نے تمہارے زیر فرمان کر رکھی ہیں۔ اور کشتیاں بھی جو اس کے حکم سے سمندر میں چلتی ہیں اور وہ آسمان کو تھامے رکھتا ہے کہ زمین پر نہ گر پڑے مگر اس کے حکم سے۔ بیشک خدا لوگوں پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے"۔

اللہ تعالیٰ ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔ (صفحہ کتاب 262) اس کے احاطہ سے کوئی چیز باہر نہیں ہے۔ انسان اگر یہ چاہے کہ وہ برائیاں کر کے اس کی سزا سے بچ جائے گا یہ ناممکن ہے۔ چونکہ کائنات کی ہر چیز کا رابطہ اللہ تعالیٰ سے ہے یعنی مرکز نور سے ہے لہٰذا اس کا رابطہ مرکز نور سے منقطع ہونے پر ہر چیز میں زندگی ختم ہو جائے گی۔ نور ختم ہو جائے گا۔ قوت ختم ہو جائے گی۔ ہر چیز بے جان ہو جائے گی۔ کائنات میں پھل، پھول پھولوں میں رنگت اور خوشبو پھلوں میں رس اور ذائقہ۔ درختوں میں زندگی نباتات میں زندگی اور ذائقے پہاڑوں میں ٹھوس پن یا زندگی یہ سب مرکز نور سے ان کے رابطہ کی وجہ سے ہے۔ جس طرح انسان کے جسم سے روح یعنی نور کا رابطہ منقطع ہونے پر انسان مردہ ہو جاتا ہے اسی طرح ہر چیز کائنات میں فوراً بے جان ہو جائے گی اور عرش کی کشش ثقل کا رابطہ منقطع ہونے پر ہر چیز فوراً بے وزن ہو جائے گی۔ ٹھوس چیزیں بے وزن ہو کر روئی کے گالوں کی طرح اڑتی پھریں گی۔ یہی قیامت ہے جو اللہ تعالیٰ کے کنٹرول میں ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کئی جگہ اس کا ذکر فرمایا ہے چند آیات کا ترجمہ ملاحظہ ہو۔

سورہ نمل آیت 77

"اور آسمانوں اور زمین کا علم خدا ہی کو ہے اور خدا کے نزدیک قیامت کا آنا یوں ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا بلکہ (اس سے بھی) جلد تر۔ کچھ شک نہیں کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے"۔

سورہ اعراف 187

"یہ لوگ تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کے واقعہ ہونے کا وقت کب ہے۔ کہہ دو کہ اس کا علم تو میرے پروردگار ہی کو ہے۔ وہی اسے اس کے وقت پر ظاہر کر دیگا"۔

"وہ آسمان اور زمین میں ایک بھاری بات ہو گی اور ناگہاں تم پر آ جائے گی۔ یہ تم سے اس طرح دریافت کرتے ہیں کہ گویا تم اس سے بخوبی واقف ہو۔ کہو کہ اس کا علم تو خدا ہی کو ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے"۔

سورہ انبیاء آیت 38

"اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو جس عذاب کی یہ وعید ہے وہ کب آئے گا۔ (38) اے کاش کافر اس وقت کو جانیں جب وہ اپنے مونہوں پر سے دوزخ کی آگ کو روک نہ سکیں گے اور نہ اپنی پیٹھوں پر سے اور نہ ان کا کوئی مددگار ہو گا"۔ (39)

"بلکہ قیامت ان پر ناگہاں آ واقع ہو گی اور ان کے ہوش کھو دے گی۔ پھر نہ تو وہ اس کو ہٹا سکیں گے اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی"۔ (40)

سورہ حج آیت 55

"اور کافر لوگ ہمیشہ اس شک میں رہیں گے یہاں تک کہ قیامت ان پر ناگہاں آ جائے یا ایک نامبارک دن کا عذاب ان پر آ واقع ہو"۔

سورہ طٰہٰ آیت 15

"قیامت یقیناً آنے والی ہے میں چاہتا ہوں کہ اس (کے وقت) کو پوشیدہ رکھوں تاکہ ہر شخص جو کوشش کرے اس کا بدلہ پائے"۔

سورہ طٰہٰ آیت 105

"اور تم سے پہاڑوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہہ دو کہ خدا ان کو اڑا کر بکھیر دیگا۔ (105)

سورہ طٰہٰ آیت 106

"اور زمین کو ہموار میدان کر چھوڑے گا۔

سورہ طٰہٰ آیت 107

"جس میں نہ تم کجی اور پستی دیکھو گے نہ ٹیلا اور بلندی۔

سورہ حج آیت 1

"لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو کہ قیامت کا زلزلہ ایک عظیم حادثہ ہے۔

سورہ طور آیات (7)۔10

"کہ تمہارے پروردگار کا عذاب واقع ہو کر رہے گا۔ (7)

اس کو کوئی روک نہ سکے گا۔ (8)

جس دن آسمان لرزنے لگے۔ (9)

اور پہاڑ اڑنے لگیں اون ہو کر۔ (10)

سورہ واقعہ 1 تا 6

"جب واقعہ ہونے والی واقعہ ہو جائے گی۔ (1)

اس کے واقعہ ہونے میں کچھ جھوٹ نہیں۔ (2)

کسی کو پست کرے کسی کو بلند۔ (3)

جب زمین بھونچال سے لرزنے لگے۔ (4)

اور پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ (5)

پھر غبار ہو کر اڑنے لگیں۔ (6)

سوہ قارعہ 1 تا 5

کھڑکھڑانے والی (1)

کھڑکھڑانے والی کیا ہے (2)

اور تم کیا جانو کھڑکھڑانے والی کیا ہے (3)

(وہ قیامت ہے) جس دن لوگ ایسے ہونگے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے۔ (4)

اور پہاڑ ایسے ہو جائینگے جیسے دھنکی ہوئی رنگ برنگ کی اون۔ (5)

دوزخ

قرآن میں اللہ تعالیٰ نے دوزخ کا ذکر فرمایا ہے کہ دوزخ نافرمانوں اور گنہگاروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ لہٰذا یہ بھی کائنات میں ایک سیارے کے طور پر موجود ہے۔ سائنس دانوں کے مطابق سیارہ مرکری یا عطارد اور سیارہ زہرہ یا venus سورج کے نزدیک فاصلہ پر گردش کر رہے ہیں اور ان کا درجہ حرارت تقریباً ایک ہزار ڈگری فارن ہیٹ ہے یہاں لوہے کی ہلکی دھات بھی پگھل جاتی ہے۔ کائنات میں کوئی اور سیارہ اتنا گرم نہیں ہے بلکہ زمین کے علاوہ باقی سب سیارے بے حد سرد ہیں یعنی برف کے گولے ہیں۔ کائنات میں زمین ہی ایک ایسا سیارہ ہے جو انسانوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔ کسی اور سیارہ میں انسان موجود نہیں۔ زمین کی کشش ثقل کے برابر سیارہ زہرہ کی کشش ثقل ہے۔ سائنس دانوں نے اپنی تحقیق کے مطابق اس کی کشش ثقل زمین کی نسبت 0.89 بتائی ہے مگر جب ہم قرآن کی روشنی میں سیاروں کا میزان بناتے ہیں تو یہ کشش ثقل 1.015 آتی ہے یعنی تقریباً زمین کے برابر (صفحہ 282) اس طرح یہ عیاں ہے کہ اس گرم سیارہ زہرہ یا Venus کو دوزخ ہی کہا جا سکتا ہے۔ جو بد بخت مجرم اور گنہگاروں کے لئے اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے اور اس کی کشش ثقل بھی زمین کے برابر رکھی ہے تاکہ انسان دوزخ میں بھی اسی طرح چل پھر سکیں جس طرح کہ زمین پر چلتے پھرتے ہیں۔ جنت کی بھی کشش ثقل زمین کے برابر رکھی گئی ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ دونوں سیارے جنت اور دوزخ زمین کے برابر ہیں اور ان کا قطر بھی تقریباً زمین کے برابر ہی ہے۔ اس طرح موجودہ سائنس کی تحقیق سے قرآن پاک کی حقانیت ثابت ہو جاتی ہے۔ لہٰذا انسان اللہ تعالیٰ کے احکام پر چلے دنیا میں نیک کام کرے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے اور دوزخ کے دائمی عذاب سے بچائے۔ جنت میں لوگ اللہ تعالیٰ کے مہمان ہونگے اور وہاں ان کو ہر طرح کی آسائش نصیب ہوگی یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے انسان کو اسی کا شکر ادا کرنا چاہئے اور اسی کے آگے جھکنا چاہئے۔

انڈیکس

ع

ف

ق

ک

ن

قرآن اور کائنات

مشتملہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں

مصنف و مولف

حاجی غلام حسن

(ریٹائرڈ ٹیکنیکل آفیسر (انجینئر) ایل ڈی اے لاہور)

جنگ پبلشرز

DISCOVERIES

1. Discovery of 10th and last planet *Al-Hasan* of our solar system alongwith its physical elements.
2. Proof of Uranus as central planet of solar system.
3. Proof of Saturn and Neptune as auxiliary planets of Uranus.
4. Relationship of gravity balance between planets Saturn, Uranus and Neptune.
5. Relationship of gravity balance between Jupiter, Mars and Earth.
6. Discovery of Pluto being balancd by planet Mars.
7. Discovry of constant ratio of gravity balance between Earth and Venus.
8. Discovery of constant ratio of gravity balance between Mars and Mercury.
9. Relationship of size of Earth with other planets.
10. Relationship of size of planets with their intermediate distances.
11. Modified Astronomical chart showing maintenance of gravity balance between planets.
12. Discovery of Arsh (Throne of Almighty Allah) around which the Universe revolves.
13. Discovery of distance of Arsh from the Earth.
14. Discovery of diameter and gravity of Arsh.
15. Discovery of diameter and gravity of planet Al-Jannat (paradise).
16. Location of Arsh in the Universe.
17. Modified location of Sun in the Universe and its orbit around the Arsh.
18. Gravity of center of our Galaxy.

3. Who hath created seven heavens in harmony. Thou (Muhammad) canst see no fault in the Beneficent One's creation; then look again: Canst thou see any rifts?

(LXVII - The Sorvereignty)

Al-Quran

اس نے سات آسمان اوپر تلے بنائے (اے دیکھنے والے) کیا تو (خدائے)
رحمٰن کی آفرینش میں کچھ نقص دیکھتا ہے؟ ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا
تجھ کو (آسمان میں) کوئی شگاف نظر آتا ہے۔

الملک: ٦٧

القرآن